# Sample Question Paper (2024-25)

## Subject Urdu Course B

## Class X

**Time: 3 Hours** **Code (303)** **M.M. 80**

حصہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال نمبر 1:۔ مندرجہ ذیل غیر درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

"ڈاکٹر اے، پی، جے، عبد الکلام کا تعلق تمل ناڈو کے ایک متوسط خاندان سے تھا ان کے والد ماہی گیروں کو اپنی کشتی کرئے پر دیا کرتے تھے۔ اگرچہ وہ انپڑھ تھے۔ لیکن عبد الکلام کی زندگی پر ان کے والد کے گہرے اثرات تھے۔ انکے دیے ہوئے عملی زندگی کے سبق عبد الکلام کے بہت کام آئے۔ غربت کا یہ عالم تھا کہ ابتدائی تعلیم کے دوران بھی عبد الکلام اپنے علاقے میں اخبار تقسیم کیا کرتے تھے۔ انہوں نے مدراس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے خلائی سائنس میں گریجویشن کی اور اس کے اس کر کرافٹ منصوبے پر کام کرنے والے دفائی تحقیقاتی ادارے کو جوائن کیا، جہاں ہندوستان کے پہلے سیٹلائٹ طیارے پر کام ہو رہا تھا، اس طیارے کی لانچنگ میں ڈاکٹر عبد الکلام کی خدمت سنہرے حروف سے لکھنے کے قابل ہیں۔ اس کے علاوہ پروجیکٹ ڈائریکٹر کے طور پر عبد الکلام نے ۱۹۷۹ میں بھارت کا پہلا ایٹم بم تجربہ کیا تھا جس کے باعث انہیں میزائل مین بھی کہا جاتا ہے۔

I۔ عبد الکلام کے والد اپنی کشتی کس کو کرائے پر دیا کرتے تھے؟

(A)ڈاکٹروں کو (B)ماہی گیروں کو (C)راہ گیروں کو (D)
خبر گیروں کو

II۔ابتدائی تعلیم کے دوران عبد الکلام اپنے علاقے میں کیا تقسیم کیا کرتے تھے؟

(A)پرچہ (B)اخبار (C)کھلونا (D)کشتی

III۔ڈاکٹر عبد الکلام نے گریجویشن کہاں سے کیا؟

(A)جامعہ ملیہ (B)علی گڑھ (C)جے،این،ایو (D)مدراس انسٹی ٹیوٹ
آف ٹیکنالوجی

IV۔گریجویشن کے بعد ڈاکٹر عبد الکلام نے کہاں جوائن کیا؟

(A)ناسا میں (B)مدراس انسٹی ٹیوٹ میں (C)اسرو میں
(D)دفاعی تحقیقاتی ادارے میں

V۔ڈاکٹر عبد الکلام کس نام سے مشہور ہیں؟

(A)پاور مین (B)گڈ مین (C)سپر مین (D)میزائل
مین

یا

" ہندوستان میں پہلا اخبار 1744 میں انڈیا گزٹ کے نام سے شائع ہوا تھا۔ اس کی مقبولیت کو دیکھ کر بنگال میں کچھ اور بھی اخبارات شائع ہونے لگے تھے۔یہ دیکھ کر لارڈلٹن نے ہندوستانی زبان میں اخبارات نکالنے پر پابندی عائد کر دی ۔ بعد میں لارڈین نے اس

پابندی ختم کردیا۔ اخبارات عوام میں سیاسی شعور، رائے عامہ کی تشکیل اور معلومات میں اضافہ کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اخبار پڑھنے والوں کو دنیا میں ہونے والے واقعات، حادثات، سیاسی نظریات، صنعتی اقدامات، سائنسی ایجادات اور موسمیات وغیرہ کی تازہ ترین اطلاعات ملتی رہتی ہے۔ جیسے جیسے لوگوں میں تعلیمی شعور اور کاروبار کا شوق بڑھتا جارہا ہے، ویسے ویسے دنیا کی مختلف زبانوں میں اخبارات کی اشاعت بڑھتی جارہی ہے۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں بھی اخبارات کی اہمیت و معنویت میں کوئی خاص کمی نہیں آئی ہے۔ اخبار بینی سے مختلف ممالک کے باشندوں میں ایک دوسرے سے قربت، ہمدردی اور خلوص کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اسی لیے اخبار کو ادیب دوست کہا جاتا ہے۔

I۔ ہندوستان کا پہلا اخبار کب شائع ہوا؟

(A) 1744　　(B) 1874　　(C) 1955　　(D) 1655

II-اخبار کس نام سے شائع ہوا تھا؟

A))سید الاخبار　　(B)انڈیا گزٹ　　(C)ٹائمس آف انڈیا　　(D)انقلاب

III۔ اخبار کی اشاعت پر کس نے پابندی لگائی؟

A))لارڈ وتربی　　(B)لارڈ کزن　　(C)لارڈ لٹن　　(D)لارڈ پن

IV۔ کس نے پابندی ختم کردی؟

A))لارڈ ین　　(B)لارڈ ولسٹری　　(C)لارڈ کزن　　(D)لارڈ لٹن

V۔اخبار بینی کے کیا معانی ہیں؟

A))خبر دنیا (B)اخبار پڑھنا (C)خبر سنانا (D) خبر دینا

سوال نمبر2:۔مندرجہ ذیل شعری (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

دیکھ کے چلنا کچل نہ جائے چیونٹی راہ میں
آدمی کو بے زبانوں سے بھی الفت چاہیے

ہے اسی میں بھید عزت کا اگر سمجھے کوئی
چھوٹے بچوں کو بزرگوں کی اطاعت چاہیے

علم کہتے ہیں جسے سب سے بڑی دولت ہے یہ
ڈھونڈ لو اس کو اگر دنیا میں عزت چاہیے

سب برا کہتے ہیں لڑنے کو بری عادت ہے یہ
ساتھ کے لڑکے جو ہوں ان سے رفاقت چاہیے

ہو جماعت میں شرارت کرنے والے بھی اگر
دور سے ان سے فقط صاحب سلامت چاہیے

I۔لڑنے والے کو برا کون لوگ کہتے ہیں؟

A))وکیل لوگ (B)ڈاکٹر لوگ (C)دوست (D) سب لوگ

II۔ شاعر نے کس کو سب سے بڑی دولت کہا ہے؟

A))دولت کو (B)موتی کو (C)ہیرے کو (D)علم

III۔ شرارتی بچوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

A))قرابت کا (B)حمایت کا (C)سلامت کا (D)سلاست کا

IV۔ ساتھ کے لڑکوں سے کیا کرنا چاہیے؟

A))رفاقت (B)عداوت (C)قرابت (D)سلامت

V۔ آدمی کس چیز سے الفت ہونی چاہیے؟

A))شیطانوں سے (B)بے زبانوں سے (C)آسمانوں سے (D)خاندانوں سے

یا

یا رب رہے سلامت ہندوستاں ہمارا
پھلے پھولے ہمیشہ گلستاں ہمارا
گنت و جمن، ہمالہ، کشمیر، اتراکھنڈ
ہے کتنا خوبصورت یہ گلستاں ہمارا

بچوں کے سر پہ رکھا ماں کا ہو جیسے آنچل
امن و اماں کا ٹھنڈا یہ سائباں ہمارا
پڑھتا رہے گا یوں ہی تو دیکھ لینا
گوتم کا گاندھی کا ہندوستاں ہمارا

I۔ہندوستاں کو کیا کہا گیا ہے؟

A))سلامت

B))گلستاں

C))ملک

D))ہمالہ

II۔اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

A))ہندوستانیوں سے

B))رب سے

C))گلستاں سے

D))گاندھی جی سے

III۔اتراکھنڈ کے علاوہ کس مشہور علاقے کا ذکر ہوا ہے؟

A))کشمیر

B))نینی تال

C))بنارس

D))اجودھیا

IV۔سائباں کی مثال کس چیز سے دی گئی ہے؟

A))ظلم وستم

B))امن وامان

C))گلستاں

D))زمان ومکان

V۔اس نظم میں گاندھی جی کے علاوہ کس مشہور شخصیت کا ذکر ہوا ہے؟

A))اقبال

B))سہیل

C))مولانا آزاد

D))گوتم بدھ

سوال نمبر 3 :۔مندرجہ ذیل نثری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

"آج سے تقریباً ڈیڑھ سو سال پہلے ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے تین خاص مرکز تھے ٹیکسلا، نالندہ،، کرم شلا۔ انہیں مہاوہار کہا جاتا تھا۔ ان تینوں مہاوہاروں میں نالندہ سب سے زیادہ عرصے تک یعنی تقریباً آٹھ سو برس تک قائم رہا۔ اس میں تعلیم حاصل کرنے والوں میں چین کے مشہور سیاح سونگ سانگ کی شخصیت نمایاں ہے۔ اس طالب علمی کا دور ۶۲۹ سے ۶۴۵ عیسوی تک مانا جاتا ہے۔ نالندہ یونیورسٹی ۴۵۰ء کے آس پاس قائم کی گئی۔ اس زمانے میں مگدھ ریاست پر گپت خاندان کی حکومت تھی۔ وکرمادتیہ دوئم نے کئی وہاروں کے علاوہ لائبریری بھی قائم کرائی۔ مشہور سیاح اتسنگ نے بھی دس برس تک یہاں تعلیم حاصل کی۔ اس وقت یہاں تقریباً ۸۵۰۰ طلباء اور ۱۵۱۰ اساتذہ موجود تھے۔ یہاں تعلیم کے اٹھارہ شعبے تھے۔

I۔ ٹیکسلا، نالندہ اور وکرم شلا کو کیا کہا جاتا ہے؟

A)) میسور وہار (B) آنند وہار (C) مہاوہار (D) سرتا وہار

II۔ نالندہ یونیورسٹی کتنے برس تک قائم رہی؟

A)) ایک ہزار برس تک (B) ۹ برس تک (C) ۱۵ برس تک (D) آتھ سو برس تک

III۔ پرانی یونیورسٹی ان میں کون سی ہے؟

A)) گوتم بدھ یونیورسٹی (B) ٹیکسلا یونیورسٹی (C) نالندہ یونیورسٹی (D) وکرم شلا یونیورسٹی

IV۔ یہاں تعلیم کے کتنے شعبے تھے؟

A)) پچیس شعبے (B) اٹھارہ شعبے (C) بیس شعبے (D) دس شعبے

V۔ کس ریاست پر گپت خاندان کی حکومت تھی؟

A)) پاٹلی پتر (B) مگدھ (C) پریاگ راج (D) کاشی

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل شعری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

خون اپنا ہو یا پرایا ہو نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں امن عالم کا خون ہے آخر
ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ زندگی میتوں پر روتی ہے
جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی بھوک اور احتیاج کل دے گی
اس لیے اے شریف انسانو! جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے

I۔ مندرجہ بالا اشعار کا تعلق شاعری کی کس صنف سے ہے؟

A)) نظم (B) غزل (C) قصیدہ (D) مرثیہ

II۔ بالا اشعار کے شاعر کا نام لکھیے۔

A))فراق گورکھپوری (B)ساحر لدھیانوی (C)نظیر اکبر آبادی (D)حسرت موہانی

III۔ پہلے شعر میں "نسل آدم" سے کیا مراد ہے؟

A))حضرت آدم (B)آدم کے بیٹے (C)انسانیت (D)آدمی کی نسل

IV۔ دوسرے شعر میں "جشن" کے کیا معانی ہیں؟

A))کھیلنا کودنا (B)گانا بجانا (C)چہل پہل (D)خوشی

V۔ شاعر نے جنگ کو امن عالم کا خون کیوں کہا ہے؟

A) (B) (C) (D)

حصہ "ب" تحریری مہارت WRITING SKILLS

سوال نمبر 5 :۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں کسی ایک عنوان پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔

(i) سائنس کے فوائد و نقصانات (ii)تندرستی ہزار نعمت (iii) پسندیدہ شخصیت

سوال نمبر6:۔ اپنے اسکول کے صدر مدرس کے نام بیماری سے متعلق ایک خط لکھیے۔

یا

اپنے والد صاحب کے نام رقم منگوانے کے لیے ایک خط لکھیے۔

سوال نمبر 7 :۔ سید احتشام حسین کے حالات زندگی اور ان کے طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے۔

یا

درسی کتاب میں دیے گئے سبق "کاٹھ کا گھوڑا" کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر 8:۔ شاعر نظیر اکبر آبادی کے حالات زندگی اور انکی شاعرانہ خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔

یا

شامل نصاب نظم "پہاڑ اور گلہری" میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے۔

حصہ (ج) عملی قواعد Grammar

سوال نمبر 9:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف آٹھ کے جوابات مطلوب ہیں۔

I۔ اکبر نے ایک کہانی پڑھی۔ اس جملے میں فعل کی کون سی قسم ہے؟

(A) فعل حال (B) فعل ماضی (C) فعل مستقبل (D) فعل مجہول

II۔ درخت کون سا اسم ہے؟

(A) اسم نکرہ (B) اسم معرفہ (C) اسم فاعل (D) اسم ظرف

III۔ درج ذیل میں اسم نکرہ کی پہچان کیجیے۔

A))اعظم گڑھ (B)شہر (C)لڑکا (D)گھوڑا

IV۔ درج ذیل میں سے لاحقہ کی نشاندہی کیجیے۔

A))در آمد (B)باادب (C)لاحاصل (D)دولت

مند

V۔ درج ذیل میں سابقہ کی نشادہی کیجیے۔

A))عیدگاہ (B)قبرستان (C)باخبر (D)درس

گاہ

VI۔ شکست کی ضد کیا ہے؟

A))ہار (B)فتح (C)غالب (D)جیت

VII۔ ملک کی جمع کیا ہو گی؟

A))ممالک (B)املاک (C)ملائک (D)ملوک

VIII۔ عالم کی جمع کیا ہو گی؟

A))جاہل (B)عالمہ (C)علوم (D)علما

IX۔ وہ علامت جو پکارنے، مخاطب کرنے کے لیے لگاتے ہیں اسے۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A))ندائیہ (B)فجائیہ (C)تخلص (D)علامت

حذف

X۔ناگن کامذکر کیا ہوگا؟

A))ناگا (B)نگاہ (C)ناگ (D)ناگہ

سوال نمبر10:۔درج ذیل محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجیے۔

مان رکھنا، بول بالا ہونا، جیسی کرنی ویسی بھرنی، پاوں اکھڑنا

حصہ(د):ادب Literature

سوال نمبر11:۔درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔

I۔ ٹھیکرے نے اپنے ایک کردار کی بے تکلفی کا ذکر کس طرح کیا ہے؟

II۔ تخت نشینی کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا؟

III۔لین شو بارش میں کھیتوں کی طرف کیوں گیا؟

سوال نمبر12 :۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

I۔سعادت علیک کیسا آدمی تھا؟

II۔رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟

سوال نمبر13:۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔

I۔شاعر نے بیل بوٹوں کو مٹی سے اگا یا ہوا کیوں کہا ہے؟

II۔ گلہری کون سا ایسا کام کرتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے ؟

سوال نمبر 14:۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔

I۔ نظم "قدم بڑھاو دوستو!" کا کیا نام ہے ؟

II۔ نظیر اکبر آبادی کی شامل نصاب نظم کا نام لکھیے۔

III۔ نظم "پہاڑ اور گلہری" کے شاعر کا نام لکھیے۔